سوال

شرعی منگنی

جواب

الحمد للہ.

ں :

کہ مرد عورت سے شادی کرنے کا پیغام دے ، اوراہل علم کے ہاں شادی کرنے والے کے لیے منگنی کرنا مشروع ہے ۔

اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

ورتم پر کوئی گناہ نہیں کہ تم عورتوں کو اشارے کنائے میں نکاح کا پیغام دو البقرۃ (235) ۔

ر (4793) ۔

اور صحیح بخاری میں یہ بھی ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے حفصہ رضی اللہ تعالی عنہا سے منگنی کی تھی صحیح بخاری کتاب النکاح حدیث نمبر (4830) ۔

نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے منگنی کرنے والے کو اپنی منگیتر دیکھنے کی رغبت دلائی ہے ، حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جب تم میں سے کوئی ایک کسی عورت سے منگنی کرے تو اگر اس سے نکاح میں رغبت دلانے والی چیز کو دیکھ سکے تو اسے دیکھ لینا چاہیے) سنن ابوداود کتاب النکاح (2082) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح سنن ابوداود (1832) میں حسن کہا ہے ۔

لیکن شریعت اسلامیہ میں منگنی کے لیے کوئی محدد چیز بیان نہیں کی گئی جو منگنی میں واجب ہوں ، اور مسلمانوں میں جو کچھ منگنی کے نام سے کیا جارہا ہے وہ سب عادات اور رسم ورواج ہیں جو منگنی کے اعلان اور خوشی میں منعقد کی جاتی ہیں اور ایک دوسرے کو ھدیہ اور تحفے تحائف دیے جاتے ہیں جو کہ اصل میں

لیکن منگنی میں وہ کام کرنے جائز نہیں جس کی شریعت نے ممانعت یا پھر اسے حرام کیا ہو ، اسی ممنوعہ اور حرام میں منگنی کی انگوٹھی کا تبادلہ بھی شامل ہے جو کہ لڑکی اور لڑکا آپس میں ایک دوسرے کو پہناتے ہیں یا جسے بعض ممالک میں ڈبلہ کا نام دیا جاتا ہے ، تو یہ ایسی تقالید اور رسم ہے جس میں مندرجہ ذیل شر

اول : بعض لوگوں کا عقیدہ اور خیال ہے کہ ان انگوٹھیوں سے لڑکی اور لڑکے کے مابین محبت بڑھتی ہے اور خاوند اور بیوی کے تعلقات پر اثر انداز ہوتی ہے ، ایسا اعتقاد رکھنا جاہلی اعتقاد ہے اور وہ تعلق ہے جس کی نہ تو کوئی حسی اور نہ ہی شرعی اصل اور دلیل ملتی ہے ۔

دوم : اس رسم میں غیر مسلم یھود ونصاری اور ھندوؤں وغیرہ سے مشابہت ہے ، یہ کسی بھی دور میں مسلمانوں کی عادات میں شامل نہیں رہی اور نہ ہی ہے ، اور نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے ہمیں اس سے بچنے کا بھی حکم دیا ہے ۔

نبی مکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(تم اپنے سے پہلے لوگوں کے طریقوں کی مکمل طور پر پیروی کروگے حتی کہ اگر وہ گوہ کے بل میں داخل ہوئے تو تم بھی ان کی پیروی کروگے

صحابہ کرام کہتے ہیں کہ ہم نے رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کو کہا اے اللہ تعالی کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم یھودی اور عیسائی تو نبی صلی اللہ علیہ وسلم فرمانے لگے : اور کون ؟) صحیح بخاری کتاب الاعتصام بالکتاب والسنۃ حدیث نمبر (6889) صحیح مسلم حدیث نمبر کتاب اللباس (6723) ۔

اور ایک حدیث میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جو بھی کسی قوم سے مشابہت اختیار کرتا ہے وہ انہیں میں سے ہے) سنن ابوداود کتاب اللباس حدیث نمبر (4031) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے اسے صحیح ابوداود (3401) میں صحیح کہا ہے ۔

سوم : ایک دوسرے کو منگنی کی انگوٹھی پہنانا عادتا نکاح سے پہلے ہوتا ہے ، اور اس حالت میں لڑکے کے لیے اپنی مگیتر کو انگوٹھی پہنانا جائز نہیں کیونکہ ابھی تک تو وہ اس سے اجنبی ہے اور اس کی بیوی نہیں بنی جس سے اس کا چھونا جائز ہو ۔

یں اس مسئلہ میں شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کی کلام نقل کرتے ہوئے جواب ختم کرتے ہیں :

دبلہ منگنی کی رسم یہ ایک انگوٹھی پہنانے کی رسم ہوتی ہے اور اصل میں صرف انگوٹھی میں تو کچھ نہیں لیکن جب اس میں اعتقاد شامل ہوجاتا ہے جیسا کہ بعض لوگ کرتے ہیں کہ انگوٹھی پر دونوں طرف سے منگیتر لڑکے اور لڑکی کا نام لکھا جاتا ہے اور یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس سے خاوند اور بیوی دونوں کے تعلقا

تو اس حالت میں یہ پہننا حرام ہے ، اس لیے کہ اس کا ایسی چیز سے تعلق ہے جو غیر شرعی ہے جس کی شرعی اور حسی طور پر کوئی اصل نہیں ۔

اور اسی طرح یہ انگوٹھی رسم میں لڑکا اپنی مگیتر کو خود اپنے ہاتھ سے پہناتا ہے جو کہ جائز نہیں اس لیے کہ وہ ابھی تک اس کی بیوی نہیں بنی بلکہ وہ اس کے لیے اجنبی ہی ہے کیونکہ اس کی بیوی تو عقد نکاح کے بعد ہے بنے گی ۔

ۃ (3/914-915) ۔

واللہ اعلم .

اسلام سوال وجواب

20069